© rasailojaraid.com

قرآن کریم کے جمع اور تحفظ کے بارے میں اسلامی مصادر بلکہ خود قرآن کریم پر غور کر کے ان سوالات کے جواب تلاش کیے جائیں جو ان مفروضوں میں اٹھائے گئے ہیں۔ یہ چند سطور اسی ضرورت کے پیشِ نظر تحریر کی گئیں ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ مذکورہ مضمون پر بعض تنقیدی تحریرات بھی اس شمارے میں شامل کی گئی ہیں۔---اس موضوع پر اہل علم کی دلچسپی کے لیے ایک جامع کتابیات تیار کرنے کا کام بھی جاری ہے، جسے ان شاءاللہ آئندہ کسی شمارے میں پیش کر دیا جائے گا۔

---

مغرب اور اسلام کا یہ شمارہ جہاں اس سہ ماہی مجلّہ کے ایک نئے دور کا آغاز کر رہا ہے جس میں ہم نے یہ طے کیا ہے کہ ہر شمارہ کو ایک عصری موضوع کے مختلف پہلوؤں کے لیے وقف کر دیا جائے وہاں اس نئی شکل کا آغاز کتاب ہدایت پر مضامین سے کیا جا رہا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ہمارے قارئین اس نئی ترتیب پر اپنی تنقیدی آراء سے ہمیں مطلع کریں گے تاکہ ہم مجلّہ کو مزید بہتر بنا سکیں۔



© rasailojaraid.com